رقمطراز ہیں: لیکن یہ بھی ملحوظ رہنا چاہئے کہ وہ کونسا علم ہے جس کے فضائل ومناقب قرآن و حدیث میں بیان ہوئے ہیں' ظاہر ہے کہ وہ قرآن کریم احادیث مبارکہ' تفسیر اصول' تفسیر وحدیث اور فقہ ہیں جن پر علوم دینیہ کا اطلاق ہوتا ہے لیکن یہ علوم بھی اس وقت باعث فضیلت ہیں جب ان علوم کو اس طرح حاصل کیا جائے جیسے ان علوم کے حاصل کرنے کا حق اور صحیح طریقہ ہے اور پھر ان علوم کے احکام اور تقاضوں پر عمل بھی ہو۔ بندہ کی نظر میں زیر نظر کتاب ایک بہترین کتاب ہے جس کا مطالعہ ہر استاذ اور طالب علم کو کرنا چاہیئے اور اپنی زندگی کو ان اداب کے متعلق ڈھالنا چاہیئے تاکہ علم نافع ہو جائے اور اس سے خود اس علم حاصل کرنے والے اور دیگر مخلوق خدا کو فائدہ حاصل ہو۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

اسوہ حسنہ المعروف شمائل کبریٰ۔ مؤلف: مولانا مفتی محمد ارشاد صاحب

ضخامت: ۴۷۲ صفحات۔ قیمت:۔ /۱۰۰ روپے۔ ناشر: زمزم پبلشرز اردو بازار' کراچی

حضور ﷺ کی سیرت طیبہ پر ہر پہلو سے مختلف نوعیت کی کتابیں لکھی گئی ہیں اور تا قیامت یہ روح پرور سلسلہ چلتا رہیگا۔ اسی سلسلہ کی ایک کڑی زیر نظر کتاب شمائل کبریٰ جلد اول ہے اس کے مؤلف جناب مفتی محمد ارشاد صاحب نے اس کو انتہائی عرقریزی سے مرتب کیا ہے۔ اس التزام کے ساتھ کہ شمائل کیمتعلق حدیث وسیرت وغیرہ کی کتب معتبرہ میں جو مضامین مذکور ہیں بالاستیعاب آجائیں اور حتی الامکان کوئی گوشہ سنن کا مخفی نہ رہے جو کہ متبعین سنت کیلئے قیمتی ذخیرہ ہے۔ نیز باب کے متعلق صحیح حسن ضعیف جو روایتیں مل سکی ہیں لی گئی ہیں۔ جیسا کہ اصحاب سیر وشمائل کا طریقہ ہے۔ بقول مؤلف واہی اور موضوع روایات سے گریز کیا گیا ہے تاہم ابن جوزی جیسی گرفت کا لحاظ نہیں کیا گیا ہے۔ اور حدیث وسیرت وغیرہ کی جن بیش بہا ذخیروں سے مواد حاصل کئے گئے ہیں ان کے حوالے بقید جلد وصفحات مذکور ہیں تاکہ اہل ذوق حضرات کیلئے مراجعت میں آسانی ہو سکے۔ یہ کتاب اس ترتیب کی پہلی جلد ہے جو کھانے پینے اور لباس کے سنن پر مشتمل ہے ضمناً آداب ومسائل بھی جو انہیں سے ماخوذ ہیں۔ ذکر کردئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ مؤلف کی اس محنت وکاوش کو شرف قبول سے نوازے۔